# BIDDING DOCUMENTS

FOR

# Disposal of Engineering Scrap / Unserviceable Items at SBP BSC Rawalpindi

April - 2025

Engineering Unit, SBP Banking Services Corporation (SBP BSC)
2nd Floor, The Mall, Rawalpindi – Ph.: 051-9272645
Website: www.sbp.org.pk

**STATE BANK OF PAKISTAN**
**BANKING SERVICES CORPORATION**
**RAWALPINDI OFFICE**

**Date: 15/04/2025**

## Disposal of Engineering Scrap / Unserviceable Items at SBP BSC Rawalpindi

1. State Bank of Pakistan, SBP BSC (Bank), Rawalpindi Office invites sealed offers from the Income Tax registered, interested parties for disposal of Engineering Scrap/Unserviceable Items as per detail given in the documents.
2. The items are lying inside SBP BSC Rawalpindi Office's premises at The Mall Road, Rawalpindi and are being sold on "As is where is basis". Interested bidders can visit/inspect on any working days between **10:00 AM to 01:00 PM**.
3. Bidding Documents containing detailed terms and conditions can be downloaded from websites of Public Procurement Regulatory Authority i.e. www.ppra.org.pk and State Bank of Pakistan i.e. www.sbp.org.pk. Subject documents can also be obtained from the address given below on submission of a written request/application along with copy of CNIC upon payment of a non-refundable fee of **Rs.500**/- (Rupees five hundred only) through Bank Draft/Pay Order drawn in favor of SBP BSC (Bank).
4. Gate money of **Rs 30,000**/- (Rupees Ten Thousand only) in the form of Pay order/demand draft (cash not acceptable) shall have to be deposited by the prospective bidders along with Bid which will be refundable to the unsuccessful bidders after scrutiny of the offers and conclusion of the bidding process.
5. The highest bidder will have to deposit **100%** of the total offered price (including tax amount) in form of pay order/Bank draft within Seven **(07)** Working days after the issuance of "letter of acceptance" failing which, their gate money may be forfeited and the bank reserves the right to award the work to the Next Highest Bidder.
6. Delivery to be taken by successful bidder after full payment and will remove and load the items at his own Safety, Risk, Cost and labor from the premises of the Bank within one week.
7. The Bank is held harmless from any/all claims and losses, acquiring from or resulting to any/all bidders, materials, labor, and any other person. In connection with the performance of this public auction, bidders must accept all responsibility for being aware of which items are currently available for bid.
8. Bids must be delivered to the address on or before **, 20-05-2025 up to 12.00 PM**. Bids will be opened on the same day at **12:30 PM** at chamber of Chief Manager SBP BSC (Rawalpindi Office) The Mall Road, Rawalpindi–Pakistan.
9. This tender is only an invitation to offer and SBP BSC reserves the right to accept or reject all Bids at any time as per PPRA Rules in vogue.

**Chief Manager**
**1st Floor Old Office Block,**
**SBP Banking Services Corporation**
**The Mall, Rawalpindi**
**Telephone: 051-9272645 Email: GSU-Helpdesk-Rwp@sbp.org.pk**

**Disposal of Engineering Scrap / Unserviceable Items at SBP BSC Rawalpindi**

**STATE BANK OF PAKISTAN, BANKING SERVICES CORPORATION (BANK) RAWALPINDI OFFICE PREMISES AT THE MALL ROAD RAWALPINDI**

## INDEX


| Sr. No. | Description | Page No. |
|---|---|---|
| 1. | Title Page | 01 |
| 2. | Auction Notice | 02 |
| 3. | Index | 03 |
| 4. | Bidding Documents Part-A- (Instructions to Bidders & Terms and Conditions) | 04-05 |
| 5. | Bidding Documents Part-B- (Bill of Quantities - Financial Bid) | 06 |
| 6. | Firm Details | 07 |

## A. Instructions to Bidders & Terms and Conditions:

1. The successful bidder shall have to deposit 100% of the payable amount according to the actual quantities at the site.
2. Bid submission Schedule:
3. Bids Opening Venue/Schedule: Chamber of Chief Manager, **1st Floor old building, SBP Banking Services Corporation, The Mall, Rawalpindi on**
4. Gate money of **Rs 30,000**/- (Rupees Ten Thousand only) in the form of Payment order/demand draft (cash not acceptable) shall have to be deposited by the prospective bidders along with Bid which will be refundable to the unsuccessful bidders after scrutiny of the offers and conclusion of the bidding process.
5. Disposal period not more than **07** working days from the receiving of Work Order.
6. Validity of Bids from the opening date: **90 Days**
7. Mode of Payment: Successful Bidder shall have to submit the payment as per the following schedule.
   - 100% of quoted amount (including tax amount) within 07 days after letter of acceptance.
   - Amount is payable as per the actual quantities before picking up and taking away the items from the Bank premises.
8. The bidders are strongly encouraged to visit the site to get first-hand information regarding the condition, make etc. of the items and their quantum before submitting the Bids.
9. If the bidders have any queries regarding any item mentioned in the document, the same shall be communicated to the Bank at least **03** days prior to the date fixed for submission & opening of the Bids.
10. Bids shall be opened on the date, time and venue as mentioned above in the presence of bidders or their authorized representatives who may like to be present.
11. Bids will be checked by the Bank for any arithmetic errors. Where there will be a discrepancy between the unit rate and the line item total resulting from multiplying the unit rate by the quantity, the figure, unit rate or total, resulting in higher total amount will govern. The amount stated in the Bid will be adjusted by the Bank accordingly.
12. The Bank will reject a proposal for award if it determines that the Bidder recommended for award has engaged in corrupt or fraudulent practices in competing for the auction in question like pooling, or giving bribery/ prizes or any sum of money etc. to the persons responsible or engaged in procurement process or to other prospective bidders; or the Bank will declare a firm ineligible, either indefinitely or for a stated period of time, to be awarded a contract within its jurisdiction if it at any time determines that the firm has engaged in corrupt or fraudulent practices in competing for, or in executing, a contract.
13. No Price Adjustment shall be made for any variation in the market prices, taxes/ duties or change in wages or the Law.
14. A tax of 10% (ATL) of the quoted amount will be charged to the successful bidder over and above the quoted price for cash handling machines, and has to be submitted before lifting up items from the Office premises.

15. If any dispute arises between the parties (Successful bidder & the Bank), the matter shall be referred to the Director General Services Department (GSD) who will examine the matter in detail and give the decision, which will be final & binding upon the parties.
16. The Bank reserves the right to recover any amount from the payable amounts to the Successful bidder against any losses or damages incurred to the property, data, or persons of the Employer due to the Successful bidder or his workers negligence.
17. In context of this contract, the successful bidder shall indemnify the Bank regarding all claims of compensations, claims, taxes, duties etc. in whatsoever form from any labor organization, government department, regulatory authority, court of law, or any other authority at any time during the execution of the Contract or after the execution of the contract.
18. Successful bidder will be declared against highest total amount before advance tax on disposal.
19. The successful bidder shall be responsible for any loss or damage to the Bank property, data, or persons etc. during or due to the operations carried out by the successful bidder under this contract.
20. The successful bidder and his staff, assigns or suppliers etc. shall have to strictly follow the rules & regulations of the Internal Bank Security Department.
21. The successful bidder shall keep strictly confidential and not make use of any confidential information supplied by the Bank other than to perform this Contract, and shall impose the same obligations on its employees
22. The contractor shall be responsible for collection of all the items at designated location and SBP BSC shall disclaim any liability after sale.
23. Only those bidders can participate in the bidding process whose names are appearing in the active tax payer list of FBR.

## B. Bill of Quantities

| # | Item | Unit | Qty | Rate (Rs.) | Amount (Rs.) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | LT Panels | Nos | 8 | | |
| 2 | Transformer – 500 KVA | Nos | 1 | | |
| 3 | Lift Control Panels | Nos | 1 | | |
| 4 | DB Back Boxes (21” x 42”) | Nos | 3 | | |
| 5 | DB Back Boxes (24” x 24”) | Nos | 1 | | |
| 6 | DB Back Boxes (21.5” x 21.5”) | Nos | 4 | | |
| 7 | DB Back Boxes (13” x 21”) | Nos | 7 | | |
| 8 | Used Mobil Oil | Litres | 100 | | |
| 9 | Old/Used Battries | Nos | 10 | | |
| | | | | | |
| **A** | **Total Amount before tax** | | | | |
| **B** | 10% Advance tax (ATL) on A | | | | |
| | **Total Amount Inclusive of Tax (A+B)** | | | | |

* The successful bidder will have to submit 10% advance tax in addition to the bid rate under Section 236-A and submit the receipt of tax submission before lifting the goods from the designated place.

**Undertaking by the Bidder:**

I -------------------------------------------------------------------------- had visited the site and have fully understood the scope of work & specifications of disposal. The above rates are inclusive of all labor charges, Tool & Plants, applicable taxes/ duties, overheads, safety equipments/PPEs/measures etc. I/ we have sufficient resources to carry out above works. All the above Terms & Conditions are acceptable to us. We also undertake that our firm is not blacklisted by the SBP / SBP BSC or any other Government / Semi Organization.

Date:

Signatures of the Bidder
CNIC No.____________________

**C. Firm/Individual Details;**

| | |
|---|---|
| Name & CNIC No. | |
| Company Name | |
| Phone | |
| Fax | |
| Email | |
| Business Address | |
| NTN | |

# نیلامی دستاویزات

**برائے**

**انجینئرنگ سکریپ / ناقابلِ استعمال اشیاء کی فروخت**

**اسٹیٹ بینک آف پاکستان بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP BSC)، راولپنڈی**

**اپریل – 2025**

**---**

**انجینئرنگ یونٹ**

**اسٹیٹ بینک آف پاکستان بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP BSC)**

**دوسری منزل، مال روڈ، راولپنڈی – فون: 051-9272645-**

ویب سائٹ: www.sbp.org.pk

**<u>اسٹیٹ بینک آف پاکستان بینکنگ سروسز کارپوریشن (بینک)</u>**
**<u>راولپنڈی آفس مال روڈ، راولپنڈی</u>**
**<u>انجینئرنگ سکریپ / ناقابل استعمال اشیاء کی نیلامی</u>**

1. اسٹیٹ بینک آف پاکستان، ایس بی پی بی ایس سی (بینک)، راولپنڈی آفس، آمدنی ٹیکس میں رجسٹرڈ دلچسپی رکھنے والی پارٹیوں سے سیل بند پیشکشیں طلب کرتا ہے، تاکہ نیلامی کے ذریعے انجینئرنگ سکریپ/ناقابلِ استعمال اشیاء کو فروخت کیا جا سکے، جیسا کہ نیلامی دستاویزات میں تفصیل دی گئی ہے۔

2. یہ اشیاء اسٹیٹ بینک آف پاکستان بینکنگ سروسز کارپوریشن، راولپنڈی آفس کی حدود میں مال روڈ راولپنڈی پر موجود ہیں اور ''جیسی جہاں ہیں'' کی بنیاد پر فروخت کی جا رہی ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے بولی دہندگان کسی بھی ورکنگ دن صبح 10:00 بجے سے دوپہر 1:00 بجے تک معائنہ کر سکتے ہیں۔

3. نیلامی کی تفصیلی شرائط و ضوابط پر مشتمل دستاویزات پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (PPRA)کی ویب سائٹ www.ppra.org.pkاور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ویب سائٹ www.sbp.org.pkسے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں۔ یہ دستاویزات نیچے دیے گئے پتے سے ایک تحریری درخواست اور شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ 500 روپے ناقابلِ واپسی فیس (بینک ڈرافٹ یا پے آرڈر کے ذریعے، جو کہ ایس بی پی بی ایس سی (بینک) کے حق میں بنایا گیا ہو) جمع کروا کر بھی حاصل کی جا سکتی ہیں۔

4. ممکنہ بولی دہندگان کو بولی کے ساتھ 30,000 روپے (صرف تیس ہزار روپے) بطور گیٹ منی پے آرڈر/ڈیمانڈ ڈرافٹ کی صورت میں (نقد رقم قابلِ قبول نہیں) جمع کروانے ہوں گے۔ ناکام بولی دہندگان کو نیلامی مکمل ہونے کے بعد ان کی رقم واپس کر دی جائے گی۔

5. سب سے زیادہ بولی دینے والے کو "قبولیت کا خط "جاری ہونے کے سات (7) کام کے دنوں کے اندر کل پیش کردہ رقم (ٹیکس سمیت) کا 100 فیصد بینک ڈرافٹ/پے آرڈر کی صورت میں جمع کروانا ہو گا۔ بصورتِ دیگر ان کی گیٹ منی ضبط کی جا سکتی ہے اور بینک کو یہ حق حاصل ہو گا کہ وہ کام اگلے سب سے زیادہ بولی دہندہ کو دے دے۔

6. کامیاب بولی دہندہ کو مکمل ادائیگی کے بعد بینک کی حدود سے اشیاء خود اپنی ذمہ داری، خرچ، محنت اور رسک پر ایک ہفتے کے اندر اٹھانا ہوں گی۔

7. بینک کو کسی بھی بولی دہندہ، مواد، مزدور یا کسی اور فریق کی طرف سے کسی قسم کے دعوے یا نقصان کے لیے ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔ تمام بولی دہندگان اس بات کی مکمل ذمہ داری قبول کریں گے کہ وہ جانچ لیں کہ نیلامی میں کون سی اشیاء دستیاب ہیں۔

8. بولیاں درج ذیل پتے پر 2025-05-20 بروز جمعرات دوپہر 12:00 بجے تک پہنچ جانی چاہئیں۔ بولیاں اسی دن دوپہر 12:30 بجے چیف منیجر ایس بی پی بی ایس سی (راولپنڈی آفس)، مال روڈ راولپنڈی کے دفتر میں کھولی جائیں گی۔

9. یہ ٹینڈر صرف ایک دعوتِ پیشکش ہے اور ایس بی پی بی ایس سی کو پی پی آر اے قواعد کے تحت کسی بھی وقت تمام بولیوں کو قبول یا مسترد کرنے کا حق حاصل ہے۔

چیف منیجر
پہلی منزل، پرانا آفس بلاک
ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن
مال روڈ، راولپنڈی
فون: 051-9272645
ای میل: GSU-Helpdesk-Rwp@sbp.org.pk

# انجینئرنگ سکریپ / ناقابلِ استعمال اشیاء کی فروخت



| صفحه نمبر | تفصیل | شمار نمبر |
|---|---|---|
| 1 | عنوان صفحه | 1 |
| 2 | نیلامی کا نوٹس | 2 |
| 3 | فہرستِ مواد | 3 |
| 5-4. | نیلامی دستاویزات حصه A – (بولی دہندگان کے لیے ہدایات اور شرائط و ضوابط) | 4 |
| 6 | نیلامی دستاویزات حصه B – (مقدار کی تفصیل - مالی بولی) | 5 |
| 7 | فرم کی تفصیلات | 6 |

**الف۔ بولی دہندگان کے لیے ہدایات اور شرائط و ضوابط:**

1. کامیاب بولی دہندہ کو سائٹ پر موجود اصل مقدار کے مطابق قابلِ ادائیگی رقم کا 100 فیصد جمع کروانا ہوگا۔

2. بولی جمع کروانے کا شیڈول:

3. بولی کھولنے کی جگہ/شیڈول:
چیف منیجر کے چیمبر میں، پہلی منزل، پرانا آفس بلاک، ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن، مال روڈ، راولپنڈی۔

4. ممکنہ بولی دہندگان کو بولی کے ساتھ 30,000 روپے (صرف تیس ہزار روپے) بطور گیٹ منی پے آرڈر/ڈیمانڈ ڈرافٹ کی شکل میں (نقد قابلِ قبول نہیں) جمع کروانے ہوں گے، جو کہ ناکام بولی دہندگان کو نیلامی مکمل ہونے اور پیشکشوں کے جائزے کے بعد واپس کر دی جائے گی۔

5. اشیاء کی فروخت کا عمل ورک آرڈر کے اجراء کے بعد زیادہ سے زیادہ 07 کام کے دنوں میں مکمل کرنا ہوگا۔

6. بولی کھلنے کی تاریخ سے بولی کی مدت: 90 دن

7. ادائیگی کا طریقہ: کامیاب بولی دہندہ کو درج ذیل شیڈول کے مطابق ادائیگی کرنا ہوگی:

قبولیت کے خط کے بعد 07 دنوں کے اندر پیش کردہ قیمت (ٹیکس سمیت) کا 100 فیصد۔

بینک کی حدود سے اشیاء اٹھانے سے قبل اصل مقدار کے مطابق رقم کی مکمل ادائیگی لازمی ہے۔

8. بولی دہندگان کو پرزور مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ بولی جمع کروانے سے پہلے سائٹ کا دورہ کریں تاکہ اشیاء کی حالت، ساخت وغیرہ کا براہِ راست اندازہ لگایا جا سکے۔

9. اگر کسی بولی دہندہ کو کسی بھی شے کے متعلق کوئی سوال ہو تو وہ بولی جمع کروانے کی تاریخ سے کم از کم 03 دن پہلے بینک کو مطلع کرے۔

10. بولیاں مذکورہ تاریخ، وقت اور مقام پر کھولی جائیں گی، بولی دہندگان یا ان کے مجاز نمائندے موجود ہو سکتے ہیں۔

11. بینک بولیوں کو ریاضیاتی غلطیوں کے لیے چیک کرے گا۔ اگر یونٹ ریٹ اور مجموعی قیمت میں تضاد ہو تو زیادہ قیمت والا ریٹ مؤثر تصور کیا جائے گا۔ بولی میں بیان کردہ رقم کو اسی مطابق ایڈجسٹ کیا جائے گا۔

12. اگر بینک کو معلوم ہو کہ تجویز کردہ کامیاب بولی دہندہ نیلامی کے دوران یا اس سے قبل کسی بدعنوانی یا دھوکہ دہی میں ملوث رہا ہے (جیسے ملی بھگت، رشوت، انعامات دینا، وغیرہ) تو وہ اس کی پیشکش کو مسترد کر دے گا یا مخصوص مدت کے لیے نااہل قرار دے سکتا ہے۔

13. کسی بھی قسم کی مارکیٹ قیمت، ٹیکس/ڈیوٹی، اجرت یا قانون میں تبدیلی کی بنیاد پر قیمت میں کوئی ردوبدل نہیں کیا جائے گا۔

14. کامیاب بولی دہندہ سے پیش کردہ قیمت کے علاوہ 10 (ATL) %ٹیکس وصول کیا جائے گا، جو اشیاء اٹھانے سے قبل جمع کروانا ہوگا۔

15. اگر کامیاب بولی دہندہ اور بینک کے درمیان کوئی تنازع پیدا ہوتا ہے تو اسے ڈائریکٹر جنرل سروسز ڈیپارٹمنٹ کو بھیجا جائے گا، جن کا فیصلہ حتمی اور تمام فریقین کے لیے قابلِ قبول ہوگا۔

16. بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کامیاب بولی دہندہ سے کسی بھی نقصان یا خرابی کے ازالے کے لیے قابلِ ادائیگی رقم میں سے کٹوتی کرے، اگر وہ نقصان اس کے یا اس کے ملازمین کی غفلت سے ہوا ہو۔

17. اس معاہدے کے تحت کامیاب بولی دہندہ بینک کو کسی بھی قسم کے دعوے، معاوضے، ٹیکس، ڈیوٹی، وغیرہ کے سلسلے میں مکمل طور پر بری الذمہ رکھے گا، چاہے وہ کسی بھی سرکاری ادارے، لیبر آرگنائزیشن، عدالت یا اتھارٹی کی جانب سے ہوں۔

18. کامیاب بولی دہندہ وہ تصور کیا جائے گا جس کی مجموعی بولی (ایڈوانس ٹیکس سے قبل) سب سے زیادہ ہو۔

19. معاہدے کے دوران اگر بینک کی املاک، ڈیٹا یا کسی شخص کو نقصان پہنچا تو اس کا ذمہ دار کامیاب بولی دہندہ ہو گا۔

20. کامیاب بولی دہندہ اور اس کا عملہ، متعلقہ افراد یا سپلائرز بینک کے اندرونی سیکیورٹی ڈیپارٹمنٹ کے تمام قواعد و ضوابط کی سختی سے پابندی کریں گے۔

21. کامیاب بولی دہندہ کسی بھی خفیہ معلومات کو افشا نہیں کرے گا جو بینک نے فراہم کی ہوں، اور صرف اسی مقصد کے لیے استعمال کرے گا جس کے لیے معاہدہ کیا گیا ہے۔ وہ اپنے ملازمین پر بھی یہی ذمہ داری عائد کرے گا۔

22. کنٹریکٹر تمام اشیاء کو مقررہ مقام سے خود جمع کرے گا اور نیلامی کے بعد SBP BSC کسی بھی قسم کی ذمہ داری سے بری الذمہ ہو گا۔

23. صرف وہی بولی دہندگان اس عمل میں حصہ لے سکتے ہیں جن کے نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) میں شامل ہوں۔

| نمبر | آئٹم کا نام | اکائی | مقدار | نرخ (روپے) | کل رقم (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ایل ٹی پینلز (LT Panels) | عدد | 8 | | |
| 2 | ٹرانسفارمر – 500 کے وی اے | عدد | 1 | | |
| 3 | لفٹ کنٹرول پینلز | عدد | 1 | | |
| 4 | ڈی بی بیک باکسز (21" x 42") | عدد | 3 | | |
| 5 | ڈی بی بیک باکسز (24" x 24") | عدد | 1 | | |
| 6 | ڈی بی بیک باکسز (21.5" x 21.5") | عدد | 4 | | |
| 7 | ڈی بی بیک باکسز (13" x 21") | عدد | 7 | | |
| 8 | استعمال شدہ موبل آئل | لیٹر | 100 | | |
| 9 | پرانے / استعمال شدہ بیٹریاں | عدد | 10 | | |
| | کل رقم بغیر ٹیکس | | | | |
| | ایڈوانس ٹیکس 10% | | | | |
| | کل رقم بمعہ ٹیکس | | | | |

میں، ______________________________________________ ،
سائٹ کا دورہ کر چکا/چکی ہوں اور نیلامی کے کام کی نوعیت اور وضاحت کو مکمل طور پر سمجھ چکا/چکی ہوں۔
درج بالا شرح میں تمام لیبر چارجز، اوزار و مشینری، لاگو ٹیکس/ڈیوٹیاں، دیگر اخراجات، حفاظتی سازوسامان / پی پی ایز / حفاظتی اقدامات وغیرہ شامل ہیں۔
میں/ہم ان کاموں کی انجام دہی کے لیے درکار وسائل رکھتے ہیں۔
مجھے/ہمیں مذکورہ تمام شرائط و ضوابط قابلِ قبول ہیں۔
میں/ہم یہ بھی اقرار کرتے ہیں کہ ہماری فرم اسٹیٹ بینک آف پاکستان / ایس بی پی بی ایس سی یا کسی بھی دیگر سرکاری/نیم سرکاری ادارے کی جانب سے بلیک لسٹ نہیں کی گئی۔

تاریخ: ______________________

بولی دہندہ کے دستخط: ______________________

شناختی کارڈ نمبر: ______________________

۔ فرم کی تفصیلات

| | |
|---|---|
| | نام اور شناختی کارڈ نمبر |
| | کمپنی کا نام |
| | فون |
| | فیکس |
| | ای میل |
| | کاروباری پتہ |
| | NTN |